نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں خریف سیزن کے دوران یوریا کھاد کی دستیابی اور وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی رجسٹریشن سے متعلق جائزہ لیا گیا

خریف سیزن کے لیے یوریا کھاد کی وافر مقدار میں دستیابی یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور: **21 جون 2024**: کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے عمل میں فیلڈ فارمیشنز فعال اور عملی کردار ادا کریں۔وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی اب تک 1 لاکھ 50 ہزار کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے ہیں۔یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ کسان کارڈ کی رجسٹریشن اور خریف سیزن کے دوران یوریا کھاد کی فراہمی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے مزید کہا کہ خریف سیزن کے لیے یوریا کھاد کی وافر مقدار میں دستیابی یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔صوبہ میں یوریا کی طلب کے مطابق رسد یقینی بنانے کے لیے وفاقی حکومت سے مسلسل رابطے میں ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کھاد کی بلیک مارکیٹنگ اور ذخیرہ اندوزی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔اگست کے آخر تک یوریا کی طلب عروج پر ہوگی۔یوریا کھاد کی مقرر کردہ قیمتوں پر دستیابی یقینی بنائی جائے۔تمام ڈیلرز کی دوکانوں اور گوداموں کی جیوٹیگنگ کی جائے۔تمام فرٹیلائزر ڈیلرز کا ریکارڈ زراعت (توسیع) کے افسران کے پاس موجود ہونا چاہیے۔کل ڈیلرز، فعال اور غیر فعال ڈیلرز سمیت گھوسٹ ڈیلرز کی پوری معلومات کا ریکارڈ مرتب کیا جائے۔گھوسٹ ڈیلرز کا 100 فیصد خاتمہ یقینی بنایا جائے۔کھاد کی فیکٹری سے ڈیلر کے گودام تک کھاد کی کل بوریوں کی ریکارڈ کے مطابق مکمل مانیٹرنگ کی جائے۔یوریا کھاد کی مانیٹرنگ کے عمل کو شفاف بنانے کے لیے ایک موبائل ایپ متعارف کرائی جا رہی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے واضح کیا کہ ریکارڈ میں درج سٹورز پر کھاد آف لوڈ نہ کرانے والے ڈیلرز کی ڈیلرشپ کینسل کر دی جائے گی۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ایڈمن اعجاز منیر، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆